**30.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد مرکزی کابینہ کی پہلی میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ آندھراپردیش کے وشاکھاپٹنم میں دیوار گرنے کے واقعہ میں 7 افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ CISCE نے دسویں اور بارہویں کے بورڈ امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔

☆ اَکشے تِرتیا کے پوتر موقع پر گنگوتری اور یمنوتری مندروں کے کپاٹ کھلنے کے ساتھ اتراکھنڈ میں چاردھام یاترا شروع ہوگئی ہے۔

☆ اور IPL ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، آج شام ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں میزبان چنئی سُپرکنگس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**CABINET**

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ کی ایک میٹنگ آج دلّی میں ہوئی۔ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد مرکزی کابینہ کی یہ پہلی میٹنگ تھی۔ کابینہ کے فیصلوں کے بارے میں آج دوپہر میڈیا کو تفصیلات بتائی جائیں گی۔ سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کے بھی آج ہونے کا امکان ہے۔×

**AP-WALL COLLAPSE**

آندھراپردیش میں وشاکھاپٹنم کے نزدیک Simhachalam مندر کی دیوار ڈھئے جانے کے بعد 7 افراد ہلاک اور تقریباً 15 زخمی ہوگئے۔ رات بھر شدید بارش کے پیش نظر عقیدت مندوں کی قطار والے حصے کی دیوار آج صبح ڈھئے گئی۔ آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے اس واقعہ پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مہلوکین کے کنبوں کو 25-25

لاکھ روپے کی نقد امداد اور زخمیوں کو 3-3 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس حادثے کی تحقیقات کیلئے تین رُکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس حادثے میں انسانی جانوں کے نقصان پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر PMO انڈیا نے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مہلوکین کے کنبوں کو دو-دو لاکھ روپے کی نقد امداد اور زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔×

## KOLKATA-HOTEL FIRE

مغربی بنگال میں کل رات وسطی کولکاتا میں Falpatti Machhua کے نزدیک ایک ہوٹل میں آگ لگنے کے واقعہ میں کم از کم 15 افراد ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے کہا ہے کہ متعدد افراد کو بچایا بھی گیا ہے۔ آگ لگنے کی وجہ کا ابھی پتہ لگایا جانا باقی ہے۔ کولکاتا پولیس کمشنر منوج کمار ورما نے کہا ہے کہ اس واقعے کی تحقیقات کیلئے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اِس حادثے میں جانوں کے اتلاف پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے مہلوکین کے کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔ PMO انڈیا ہینڈل نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر مہلوکین کے کنبوں کو دو-دو لاکھ روپے کی نقد امداد اور زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔×

## CISCE-RESULT

امتحانات سے متعلق انڈین اسکول سرٹیفکٹ کی کونسل CISCE نے آج دسویں اور بارہویں کے بورڈ امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ CISCE کے مطابق ICSE دسویں کلاس میں پاس ہونے والوں کا فیصد 99 اعشاریہ چار سات فیصد ہے، جبکہ ICSE بارہویں کلاس میں یہ 98 اعشاریہ ایک نو فیصد ہے۔ ICSE میں لڑکیوں نے پاس ہونے کے معاملے میں لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اور پاس ہونے کا ان کا فیصد 99 اعشاریہ چھ پانچ رہا، جبکہ لڑکوں کے پاس ہونے کا فیصد 99 اعشاریہ ایک تین فیصد ہے۔ ایک بیان میں CISCE نے کہا ہے کہ ICSE میں دو لاکھ 43 ہزار سے زیادہ امیدواروں نے امتحانات دیئے۔×

## PM-BASAVA JAYANTI

آج Basava جینتی منائی جارہی ہے۔ یہ دن 12ویں صدی کے کنڑ زبان کے شاعر، فلسفی اور سماجی مصلح جگت گرو Basaveshwara کے یوم پیدائش پر منایا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر جگت گرو

Basaveshwara کی غیر معمولی حکمت اور فراست کو یاد کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ معاشرے کیلئے اُن کا وژن اور محروم طبقات کی ترقی کیلئے اُن کی انتھک کوششیں لوگوں کو تحریک دیتی رہیں گی۔

مرکزی وزراء اشونی ویشنو، کرن رجیجو، پرہلاد جوشی، شوبھا Karandlaje اور BJP کے رکن پارلیمنٹ تیجسوی سوریا اور دیگر لوگوں نے بھی اِس موقع پر پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں گرو Basaveshwara کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں پریرنا استھل کے مقام پر گرو Basaveshwara کے مجسّے کی نقاب کشائی کی گئی ہے۔ وزیر موصوف نے خوشی کا اظہار کیا کہ ملک بھر کے بہت سے لوگوں نے مجسّے کو دیکھنے کیلئے کمپلیکس کا دورہ کیا۔

## CEC TRANING PROGRAME

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے آج نئی دِلی میں الیکٹورل رجسٹریشن افسروں EROs اور بوتھ لیول افسروں BLOs کیلئے صلاحیت سازی کے ایک دو روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ بہار، ہریانہ، دِلی اور اترپردیش کے EROs اور BLOs اِس دو روزہ پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ تربیتی پروگرام قانون ساز اسمبلیوں کے آنے والے انتخابات کیلئے چناؤ کمیشن کی تیاریوں کا حصہ ہے۔×

## WAVES-2025

پہلی عالمی آڈیو ویژول Entertainment سمٹ WAVES-2025 کل سے ممبئی کے جیو ورلڈ کنونشن سینٹر میں شروع ہو رہا ہے۔ 4 روزہ سمٹ کے دوران آڈیو ویژول اور تفریحی صنعت کے مستقبل پر بات چیت کے لیے ایک عالمی پلیٹ فارم فراہم ہوگا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس پروگرام میں عالمی میڈیا ڈائیلاگ، خریداروں اور فروخت کنندگان کی میٹنگوں، ابھرتے ہوئے تخلیق کاروں کے لیے اہم اجلاس اور داستان گوئی سے متعلق نئے دور کے طور طریقوں کو اُجاگر کیا جائے گا۔ حیدرآباد کی جواہر لال نہرو ٹیکنالوجیکل یونیورسٹی کے ایک ملٹی میڈیا گریجویٹ Anvesh Nistla کو سمٹ میں شرکت کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ آکاشوانی سے بات چیت کرتے ہوئے اُنہوں نے اپنی خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ اُنہیں امید ہے کہ یہ تقریب تفریحی صنعت کو وسعت دے گی اور پیشہ وارانہ طور پر اُنہیں ترقی کرنے میں مدد ملے گی۔×

## RAMANUJAN BOOK LAUNCH

بھارت کے نیشنل ارکائیوز نے آج نئی دِلی میں ایک کتاب کا اجراء کیا، جس کا نام ہے: "Ramanujan عظیم ریاضی داں کا سفر"۔ یہ کتاب بھارتی ریاضی داں Srinivasa Ramanujan کی زندگی اور خدمات کی تاریخی داستان

ہے۔ اسے ارون سنگھل اور ڈاکٹر دیویندر کمار شرما نے تصنیف کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے جناب سنگھل نے کہاکہ Ramanujan دنیا کے عظیم ریاضی دانوں میں سے ایک تھے اور اِس کتاب سے آنے والی نسلوں کو تحریک اور حوصلہ ملے گا۔×

**PRADHAN GUPTA FLAG OFF**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان اور دِلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے آج صبح دِلی یونیورسٹی میں 'ایک ملک ایک انتخاب' کیلئے دوڑ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب پردھان نے زور دے کر کہا کہ 'ایک ملک ایک انتخاب' وقت کا تقاضہ ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ وِکست بھارت کے وژن کے حصول اور بھارت کو ایک اقتصادی سپر پاور بنانے کیلئے قومی اور ریاستی دونوں سطحوں پر سیاسی استحکام کی ضرورت ہے۔

**CHAR DHAM YATRA**

اتراکھنڈ میں چار دھام یاترا، آج گنگوتری اور یمنوتری دھاموں کے کپاٹ کھولے جانے کی رسم سے شروع ہوگئی ہے۔ یہ یاترا اترکاشی ضلعے میں Akshay Tritiya کے موقع پر شروع ہوئی ہے۔گنگوتری دھام کے کپاٹ روایتی دعاؤں اور وید منتروں کے جاپ کے ساتھ کھولے گئے۔ ملک کے مختلف حصوں سے عقیدتمند گنگوتری اور یمنوتری دھام میں پوجا ارچنا کیلئے اترکاشی ضلعے پہنچ چکے ہیں۔ وزیراعلیٰ پشکر دھامی نے بھی اِس موقع پر پوجا ارچنا کی۔ کیدار ناتھ دھام کے کپاٹ جمعہ کو، جبکہ بدری ناتھ دھام کے کپاٹ اتوار کو کھولے جائیں گے۔ ریاستی سرکار نے وسیع انتظامات کئے ہیں، خاص طور سے سلامتی، ٹریفک کے بندوبست، بھیڑ بھاڑ کو کنٹرول کرنے، صحت اور صفائی ستھرائی پر خاص توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے چنئی سُپر کنگ کا سامنا پنجاب کنگس سے ہوگا۔

کل رات کھیلے گئے ایک میچ میں، نئی دلّی میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ڈیلی کیپٹلس کو 14 رن سے ہرادیا۔ ڈیلی کیپٹلس کو جیت کیلئے 205 رن کا نشانہ ملا تھا، لیکن وہ مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 190 رن ہی بنا سکی۔ ×

**MEGHAWAL AMBEDKAR ROW**

قانون اور انصاف کے وزیر اور BJP کے رہنما ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ حکومت کو اپوزیشن کا ایک مراسلہ

موصول ہوا ہے، جس میں پہلگام دہشت گردانہ حملے پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلائے جانے کی مانگ کی گئی ہے۔ نئی دِلی میں اِس معاملے پر میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ پارلیمانی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی اِس بارے میں تبادلہ خیال کرے گی۔ اِس دوران BJP نے آج ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی تصویر میں پھیر بدل کرکے مبینہ طور پر اُن کی توہین کرنے پر سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی نکتہ چینی کی۔ جناب میگھوال نے سماجوادی پارٹی کے سربراہ پر الزام لگایا کہ وہ اِس طرح کی تصویروں کے ذریعے دلت برادری سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔×

## MEDIATION CONFERENCE

ثالثی سے متعلق Mediation Association of India کی کانفرنس تین مئی سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔ اس کانفرنس کا انعقاد بھارت کے اٹارنی جنرل کا دفتر، قانون اور انصاف کی وزارت کے ساتھ مل کر کر رہا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اٹارنی جنرل آر وینکٹ رمانی نے کہا کہ یہ کانفرنس بڑے پیانے پر ثالثی اور مصالحت کے اداروں کو یکجا کرے گی، تاکہ وہ ثالثی کے بہترین طریقہ کار پر تبادلہ خیال کرسکیں اور ایک دوسرے کو ان سے واقف کرا سکیں۔

## IMD-WEATER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج اُڈیشہ، آسام اور میگھالیہ کے دور دراز کے علاقوں میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے آئندہ دو سے تین دنوں کے دوران دلّی، ہریانہ، چندی گڑھ، اتراکھنڈ، اترپردیش، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، تلنگانہ، شمالی کرناٹک، وِدربھ، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور سِکّم کے کچھ علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور تیز ہوا چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے آج سوراشٹر، کچھ، مغربی راجستھان، جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور مشرقی راجستھان کے کچھ حصوں میں گرم لہر کی صورت حال کی بھی پیش گوئی کی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆